11179-مالی رقم نکلوانے کے لیے کریڈٹ کارڈ کا استعمال

سوال

بنک اپنے کھاتے داروں کو ایک کارڈ جاری کرتے ہیں جسے ویزا کہا جاتا ہے، جس کی بنا پر بنک سے نقد رقم نکلوائی جاسکتی ہے، چاہے اس کے اکاونٹ میں اس وقت کوئی رقم نہ ہو لیکن شرط یہ ہے کہ یہ رقم ایک محدود مدت میں ادا کرنا ہوگی، اور اگر مدت ختم ہونے سے قبل ادائیگی نہ کی جائے تو بنک نکلوائی گئی رقم سے زیادہ طلب کرے گا، یہ علم میں رکھیں کہ اکاونٹ ہولڈر بنک یہ کارڈ استعمال کرنے کے بنا پر سالانہ فیس ادا کرتا ہے، میری گزارش ہے کہ اس کارڈ کو استعمال کرنے کا حکم بیان کریں، اللہ تعالی آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے.

پسندیدہ جواب

یہ معاملہ حرام ہے، اس لیے کہ اگر وقت مقررہ پر ادائیگی نہ کی جائے تو اسے لازما سود ادا کرنا ہوگا، اور یہ سود لازما لاگو کرنا باطل ہے، اور اگرچہ انسان کا یہ اعتقاد ہو یا پھر اس کا ظن غالب یہ ہو کہ وہ مقرر کردہ مدت سے قبل ادائیگی کردے گا، کیونکہ معاملات اور امور مختلف ہوسکتے ہیں، تو وہ ادائیگی نہیں کرسکے گا، اور یہ معاملہ مستقبل کا ہے، اور انسان کو اس کا کوئی علم نہیں کہ مستقبل میں اس کے ساتھ کیا پیش آنے والا ہے، لھذا اس بنا پر یہ معاملہ حرام ہے.

واللہ تعالی اعلم

فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح العثیمین.